کرر ہے ہیں کیونکہ اسلام مسلمانوں کو امن کا درس دیتا ہے' انہوں نے کہا کہ ہم امریکی غلامی کسی صورت قبول نہیں کریں گے' اگر فاٹا پر ڈرون حملے بند نہ ہوئے اور حکمرانوں نے امریکہ کے ساتھ وفاداری کا طرز عمل جاری رکھا تو پھر ہم پشاور سے کراچی تک سڑکوں پر آ کر احتجاج کریں گے۔ ریلی سے جمعیۃ علماء اسلام کے مرکزی سیکرٹری جنرل مولانا عبدالرؤف فاروقی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ امن ریلی سے پیغام دیا جارہا ہے کہ ملک کے اندر تبدیلی آرہی ہے' انقلاب برپا ہونے والا ہے' انہوں نے کہا کہ مرکزی وصوبائی حکومتیں قیام امن میں ناکام ہوئی ہیں امریکہ کی مداخلت بڑھ رہی ہے' ہم امریکہ سے مطالبہ نہیں بلکہ اسے وارننگ دیتے ہیں کہ وہ ہمارے خطہ سے نکل جائے ورنہ جب عوام میدان میں نکلیں گے تو پھر دنیا کی کوئی طاقت امریکہ کو نہیں بچاسکے گی' قبل ازیں ریلی کے شرکاء نے مولانا سمیع الحق کی قیادت میں امریکی پادری' ڈرون حملوں اور لیبیا پر امریکی حملہ کے خلاف شعبہ بازار سے اشرف روڈ تک احتجاجی مارچ کیا اور امریکہ کے خلاف شدید نعرہ بازی کی اس موقع پر مظاہرین نے ہاتھوں میں بینرز اور پلے کارڈ بھی اٹھا رکھے تھے جن پر قرآن پاک کی بے حرمتی کے واقعہ' لیبیا پر امریکی حملہ اور ڈرون حملوں کے خلاف مختلف نعرے درج تھے۔

اسی طرح گزشتہ ماہ دارالعلوم کے اساتذہ کرام کی سرپرستی میں طلباء نے اکوڑہ خٹک میں ریمنڈ ڈیوس کی رہائی کے خلاف ایک پرامن مظاہرہ کیا جس سے حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ' مولانا حامد الحق حقانی' مولانا یوسف شاہ مولانا عرفان الحق' نے بھی خطاب کیا۔

## دارالعلوم کے قدیم فاضل مولانا افتخار کو ذاتی صدمہ:

دارالعلوم حقانیہ کے تاسیسی رکن حاجی محمد یوسف مرحوم کے پوتے اور ہری پور کے معروف غریب پرور دردمند' دینی شخصیت مولانا افتخار الحق کے جواں سال بھائی جناب عبدالبصیر صدیقی گزشتہ ماہ ۲۷ رفروری ۲۰۱۱ء کو سڑک کے ایک حادثہ میں انتقال فرماگئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ ہزارہ میں علماء اور صلحا کے ساتھ دینی اور فلاحی کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے تھے' یہی تگ ودوان کیلئے ان شاء اللہ صدقہ جاریہ ثابت ہوگی۔ جناب الحاج اظہار الحق صاحب' ناظم اعلیٰ دارالعلوم حقانیہ نے ایک وفد کے ہمراہ جنازہ میں شرکت کی۔ اسی طرح بعد میں نائب مہتمم حضرت مولانا انوار الحق صاحب مدظلہ بھی فاتحہ خوانی کے لئے تشریف لے گئے۔ مرحوم کے ایصال ثواب کے لئے دارالعلوم حقانیہ میں فاتحہ خوانی اور دعائے مغفرت کی گئی۔


## خوشخبری

مادر علمی جامعہ دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک میں علمی ادبی مکتبہ کی ضرورت ایک عرصہ سے محسوس کی جارہی تھی۔ الحمدللہ **مکتبہ ایوان شریعت** کے نام سے آغاز ہو چکا ہے۔

رابطہ کیلئے : شفیق فاروقی ( فون 0300-5167962) جامعہ دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک